پریس ریلیز

یوم پاکستان تجدید عہد کا دن ، نئی نسل کو بھرپور آگاہی ہونی چاہیے : پرنسپل جنرل ہسپتال

تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو کر ہم وطن عزیز کی بہتر خدمت کر سکتے ہیں : پروفیسر الفرید ظفر

تعلیمی اداروں کے اساتذہ نصاب کے علاوہ طلبا کو تاریخ پاکستان سے بھی روشناس کروائیں

وطن عزیز کی مضبوطی و خوشحالی ہمارا نصب العین ، اپنی تمام توانائیاں صرف کرنی چاہئے

امیر الدین میڈیکل کالج (پی جی ایم آئی) میں یوم پاکستان کی پروقار تقریب ، سٹوڈنٹس کی شرکت

لاہور 23 مارچ: ...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ نئی نسل کو تحریک پاکستان اور مادر وطن کیلئے دی گئی لازوال قربانیوں سے روشناس کروانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے تا کہ نوجوان نسل کو ایک آزاد وطن کے طور پر اس ملک کی اہمیت کا اندازہ ہو سکے اور وہ اس کی قدر و قیمت کو پہچان سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 23 مارچ کے حوالے سے امیر الدین میڈیکل کالج میں منعقد پروقار تقریب میں طلباو سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پروفیسر صاحبان بھی موجود تھے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا کہ یوم پاکستان درحقیقت تجدید عہد کا دن ہے اور آج ہمیں اپنے اندر وطن عزیز کی سلامتی ، خوشحالی اور ترقی کیلئے متحد ہو کر خدمت کرنے کا جذبہ پیدا کرنا ہے اور یہ عہد کرنا ہے کہ ہم اس مقصد کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ پرنسپل نے زور دیا کہ تعلیمی اداروں کے اساتذہ اپنے ادارے کے طے شدہ نصاب کے علاوہ طلبا کو تاریخ پاکستان سے بھی روشناس کروائیں تا کہ نوجوان نسل میں جذبہ حب الوطنی کو پروان چڑھایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان لاکھوں قربانیوں کی بدولت حاصل کیا گیا جہاں 22 کروڑ افراد آزادانہ طور پر زندگی بسر کر رہے ہیں اور انہیں اپنے مذہب کے مطابق مکمل آزادی ہے۔ مقررین نے کہا کہ 23 مارچ برصغیر کے مسلمانوں کیلئے ایک علیحدہ وطن کی جدوجہد کو یاد دلاتا ہے جس میں آزادی کی جنگ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت میں لڑی اور 23 مارچ 1940 کو لاہور کے منٹو پارک (مینار پاکستان) میں قرارداد پاکستان پاس ہوئی جس کے نتیجے میں علامہ اقبال کے خوابوں کی تعبیر اور برصغیر کے مسلمانوں کی جدوجہد سے معرض وجود میں آیا جس کا سہرا قائداعظم محمد علی جناح کے سر ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ نئی نسل کو آج کے دن کی اہمیت کے حوالے سے بھرپور آگاہی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مضبوطی اور خوشحالی ہم سب کا نصب العین ہونا چاہیے جس کے لئے اپنی تمام توانائیاں صرف کریں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ 23 مارچ قائد اور اقبال کے خوابوں کو عملی تعبیر دینے کی یاد دلاتا ہے جبکہ اس مقصد کو صحیح معنوں میں حاصل کرنے کے لئے ہمیں ہر بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا ہوگا تا کہ ہم اس پیارے وطن کی بہتر سے بہتر خدمت کر سکیں۔

☆☆☆☆